© rasailojaraid.com

تبصرے

تاج محل آگرہ از ڈاکٹر محمد عبداللہ چغتائی تقطیع کلاں ضخامت ۱۸۴ صفحات، کتابت وطباعت بہتر۔ قیمت عنلہ روپے۔ پتہ:۔ کتابخانۂ نورس (کاپی بک شاپ) کبیر اسٹریٹ (کاپی بازار) لاہور،

تاج محل دنیا کے ہفت عجائبات میں شمار ہوتا ہے اور اپنے حسن وجمال اور کمال صنعت گری کے لئے ضرب المثل ہے، لیکن خاص فنِ تعمیر کے لحاظ سے اس کی خصوصیات کیا ہیں؟ اس پر جدید فنی تحقیقات وانکشافات کی روشنی میں اب تک انڈوپاک کے کسی فاضل نے محققانہ کلام نہیں کیا تھا، ڈاکٹر محمد عبداللہ چغتائی جو خاندانی طور پر اس فن کا ذوق رکھتے ہیں انھوں نے تاج محل کو خصوصاً اور اسلامی فنِ تعمیر کو اپنی ریسرچ کا موضوع بنایا اور اس کی تکمیل کا شوق انہیں یورپ لے گیا۔ وہاں مختلف ملکوں میں گھومنے، پھرنے اور فنِ تعمیر کے اعلیٰ نمونوں کو بہ نظرِ غائر دیکھنے اور اس فن کے محققین سے استفادہ ومذاکرہ کرنے کے بعد آخر فرنچ زبان میں خاص تاج محل پہ ایک سیر حاصل مقالہ لکھ کر پیرس یونیورسٹی سے پی، ایچ، ڈی کی ڈگری حاصل کی، یہ مقالہ اُسی زمانہ میں طبع ہو گیا تھا، اب خوشی کی بات ہے موصوف نے خود ہی اُس کو اُردو کا جامہ پہنا کر بڑے اہتمام سے شائع کیا ہے، اس کتاب میں پہلے ایک مقدمہ ہے جس میں فاضل مصنّف نے اس فن کے ساتھ اپنے موروثی لگاؤ اور اُس کی تکمیل کے لئے اپنی جدّوجہد کی داستان بیان کرنے کے بعد مختلف زبانوں میں اس موضوع کے ماٰخذ کی ایک طویل فہرست نقل کی ہے جو ایک سو چھبیس مطبوعہ اور غیر مطبوعہ کتابوں اور مجلات پر مشتمل ہے، اس کے بعد کتاب میں حوالہ کی صورت یہ ہے کہ کتاب یا اُس کے مصنف کا نام لکھنے کے بجائے اسی فہرست سے متعلقہ کتاب کا نمبر درج کر کے اُس کے آگے صفحات کے نمبر لکھ دیئے ہیں، مقدمہ کے بعد اصل کتاب شروع ہوتی ہے اور اس میں اسلام سے پہلے ہندوستان کے فنون ہندوستان میں اسلامی فنِ تعمیر، مغلوں کا فنِ تعمیر،

© rasailojaraid.com